علامہ اقبال اوپن یونیورسٹی، اسلام آباد

کلیہ عربی وعلومِ اسلامیہ

(شعبۂ فکر اسلامی، تاریخ وثقافت)

وارننگ

عزیز طلبہ! آپ یہ بات ذہن نشین کرلیں کہ:

1۔ اگر آپ اپنی امتحانی مشق میں کسی اور کی تحریر میں سے مواد چوری کر کے لکھیں گے یا آپ اپنی امتحانی مشق کسی دوسرے طالب علم سے لکھوائیں گے تو آپ سرٹیفکیٹ یا ڈگری سے محروم ہوسکتے ہیں خواہ اس کا علم کسی بھی مرحلہ پر ہو جائے۔

2۔ کسی دوسرے طالب علم سے ادھار لی گئی یا چوری کی گئی امتحانی مشق پر علامہ اقبال اوپن یونیورسٹی اسلام آباد کی "مواد کی چوری Plagiarism" پالیسی کے مطابق سزا دی جائے گی۔

کورس: فلسفہ اور علم الکلام (2628) **سمسٹر: بہار، 2026ء**

سطح: ایم اے علومِ اسلامیہ

ہدایت نامہ برائے طلبہ

برائے مہربانی امتحانی مشقیں حل کرنے سے پہلے درج ذیل ہدایات کو غور سے پڑھیے

1- تمام سوالات کے نمبر مساوی ہیں البتہ ہر سوال کی نوعیت کے مطابق نمبر تقسیم ہوں گے۔

2- سوالات کو توجہ سے پڑھیے اور سوال کے تقاضے کے مطابق جواب تحریر کیجئے۔

3- ہاتھ سے تحریر شدہ سکین (Scanned) امتحانی مشقیں قبول نہیں کی جائیں گی۔

4- ٹائپ کی گئی امتحانی مشقیں (Word یا PDF فارمیٹ) میں LMS پر بروقت یا مقررہ تاریخ سے قبل اَپ لوڈ کریں۔

5- مقررہ تاریخ کے بعد/ تاخیر کی صورت میں امتحانی مشقیں اَپ لوڈ نہ ہوسکیں گی جس کی تمام تر ذمہ داری طالب علم پر ہو گی۔

6- آپ کے تجرباتی اور نظریاتی طرزِ تحریر کی قدر افزائی کی جائے گی۔

7- غیر متعلقہ بحث/ معلومات اور کتب، سٹڈی گائیڈ یا دیگر مطالعاتی مواد سے ہو بہو نقل کرنے سے اجتناب کیجئے۔

امتحانی مشق نمبر 1

(یونٹ نمبر 1-4)

کل نمبر: 100 | کامیابی کے نمبر: 40

سوال نمبر 1- فلسفے کی تعریف میں تنوع کیوں پایا جاتا ہے؟ (20)

سوال نمبر 2- فلسفے میں مظہر اور حقیقت کے فرق سے کیا مسئلہ زیرِ بحث آتا ہے؟ (20)

سوال نمبر 3- فارابی کے فلسفیانہ منہج کی ایک نمایاں جہت بیان کیجیے۔ (20)

سوال نمبر 4- اسلامی فکر میں انسان اور کائنات کے تعلق کو کس طرح سمجھا گیا ہے؟ (20)

سوال نمبر 5۔ ابن طفیل کے فکری تصور میں عقل کی خود کفالت کا مفہوم کیا ہے؟ (20)

امتحانی مشق نمبر 2

(یونٹ نمبر 5-9)

کل نمبر: 100 | کامیابی کے نمبر: 40

سوال نمبر 1- جدید علم الکلام کی ضرورت کن فکری حالات سے پیدا ہوئی؟ (20)

سوال نمبر 2- تقدیر کے مسئلے میں جبر اور اختیار کا توازن کیسے قائم کیا گیا ہے؟ (20)

سوال نمبر 3- حیات بعد الموت کے عقلی امکان کی بنیاد کیا ہے؟ (20)

سوال نمبر 4- اسماء وصفاتِ باری تعالیٰ کے باب میں اہم کلامی سوالات کون سے ہیں؟ (20)

سوال نمبر 5- اسلامی تصورِ الٰہ کی اساسات کیا ہیں؟ (20)